
اسلامی معلومات

Class - II

2



- خدا کا آسرا
- عرب کا چاند
- ہمارا ایمان
- ہمارا مذہب
- آدابِ زندگی
- بچوں کا دستر خوان
- رحمتِ عالم ﷺ
- نبی کے ساتھی

Published by :
Federation of Indian Muslim Organisations-Midlands-U.K.
website : www.peoplesneeds.org E-mail : info@peoplesneeds.org
Developed by : Dept. of Islamic Studies, Maulana Azad University, Jodhpur
Marwar Muslim Educational & Welfare Society, Jodhpur (Raj.) INDIA

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جولائی

خدا کا آسرا

ہے شکر تیرا اے خدا　　تو نے ہمیں پیدا کیا
تو پاک ہے ہر عیب سے　　ساجھی نہیں کوئی تیرا
تو ہر جگہ موجود ہے　　سب سے ملا سب سے جدا
دکھ سکھ تیری مٹھی میں ہے　　جو جس کے لائق تھا دیا
ہر اک تیرا محتاج ہے　　سب کو ہے تیرا آسرا
اپنی بھلائی کے لئے　　تجھ سے نہ مانگیں کیوں دعاء

اگست

عرب کا چاند

احمد پیارے نبی ہمارے
عبداللہ کے راج دلارے
بن کر آئے رحمتِ عالم　صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

چاند عرب کے رہبر سب کے
لیجیے ان کا نام ادب سے
آنحضرت ہیں بڑے مکرم　صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

دین سکھایا نیک بنایا
ظلم مٹایا ایک بنایا
ہو گیا باطل درہم برہم　صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم



تجسّس

ہمارا ایمان

سوال ۱۔ ہم سب کو زندگی کس نے دی؟ جواب۔ ہم سب کو زندگی اللہ تعالیٰ نے دی۔

سوال ۲۔ موت اور زندگی کس کے ہاتھ میں ہے؟ جواب۔ موت اور زندگی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

سوال ۳۔ سب کو روزی کون دیتا ہے؟ جواب۔ سب کو روزی اللہ دیتا ہے۔

سوال ۴۔ کیا اللہ کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے؟ جواب۔ اللہ کو مدد کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

سوال ۵۔ ہم سب کس کے محتاج ہیں؟ جواب۔ ہم سب اللہ کے محتاج ہیں۔

سوال ۶۔ کیا اللہ تعالیٰ کھاتا اور پیتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ کھاتا اور پیتا نہیں ہے۔

سوال ۷۔ کیا اللہ تعالیٰ کو اونگھ یا نیند آتی ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ کو اونگھ یا نیند نہیں آتی ہے۔

سوال ۸۔ مع ترجمہ کلمۂ شہادت سنائیے۔

جواب۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور
گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

ہمارا مذہب

سوال ۱۔ ہمارے مذہب کا نام کیا ہے؟ جواب۔ اسلام۔

سوال ۲۔ اسلام کے ماننے والوں کو کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ مسلمان۔

سوال ۳۔ پاک وصاف رہنے کو کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ طہارت کہتے ہیں۔

سوال ۴۔ طہارت کی کیا اہمیت ہے؟ جواب۔ طہارت آدھا ایمان ہے۔

سوال ۵۔ توحید کسے کہتے ہیں؟ جواب۔ اللہ کو ایک ماننے کو۔

سوال ۶۔ نماز کیا ہے؟ جواب۔ عبادت کا ایک طریقہ ہے۔

سوال ۷۔ روزہ کسے کہتے ہیں؟ جواب۔ کھانے پینے اور بری باتوں سے بچنے کو۔

سوال ۸۔ مہینوں میں افضل مہینہ کون سا ہے؟ جواب۔ رمضان المبارک۔

سوال ۹۔ زکوۃ کسے کہتے ہیں؟ جواب۔ مال غریبوں کو دینے کو۔

سوال ۱۰۔ حج کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ حج کے دنوں میں مکہ مکرمہ جا کر اللہ کی خاص عبادت کرنے کو۔

نوٹ: نومبر کا مہینہ جولائی سے اکتوبر تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔ نومبر کے پہلے ہفتہ میں جولائی کا، دوسرے ہفتہ میں اگست کا، تیسرے ہفتہ میں ستمبر کا اور چوتھے ہفتہ میں اکتوبر کا اعادہ کرائیں۔

آدابِ زندگی

سوال ۱۔ اچھے کام کو شروع کرتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟

جواب۔ بِسْمِ اللّٰہِ پڑھتے ہیں۔ (یعنی اللہ کے نام سے شروع)

سوال ۲۔ کوئی خیریت معلوم کرے تو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہتے ہیں۔ (یعنی تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں)

سوال ۳۔ اچھی چیز کو دیکھ کر کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ کہتے ہیں۔ (یعنی اللہ نے جو چاہا وہ ہوا)

سوال ۴۔ چھینک آئے تو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہتے ہیں۔ (یعنی تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں)

سوال ۵۔ کوئی غلطی ہو جائے تو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ کہتے ہیں۔ (یعنی میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں)

سوال ۶۔ سیڑھی چڑھتے وقت کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہیں۔ (یعنی اللہ سب سے بڑا ہے)

سوال ۷۔ سیڑھی سے اترتے وقت کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ سُبْحٰنَ اللّٰہِ کہتے ہیں۔ (یعنی اللہ کی ذات پاک ہے)

سوال ۹۔ کام کرنے کا ارادہ کرتے وقت کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ کہتے ہیں۔ (یعنی اگر اللہ نے چاہا)

سوال ۱۰۔ کسی کا شکریہ ادا کرتے وقت کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کہتے ہیں۔ (یعنی اللہ آپ کو بہتر بدلہ دے)

جنوری

بچوں کا دستر خوان

آؤ دستر خوان بچھائیں — مل جل کر سب کھانا کھائیں
بھائی پہلے ہاتھ تو دھولو — کھانے میں بیکار نہ بولو
بِسْمِ اللّٰہ جو بھولا کوئی — اس نے ساری برکت کھوئی
دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا — دیکھو بھیا بھول نہ جانا
چھوٹے چھوٹے لقمے کھانا — ہر لقمے کو خوب چبانا
کھانے میں جو عیب نکالے — کھانے سے وہ ہاتھ اٹھالے
چھین جھپٹ کھانے میں کرنا — کام نہیں اچھے بچوں کا
خوش خوش باہم کھانا اچھا — کچھ بھوکے اٹھ جانا اچھا
کھانا کھا کر اٹھیں جب بھی — حمد کریں ہم اپنے رب کی

فروری

رحمتِ عالم ﷺ

سوال ۱۔ رحمتِ عالم ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟
جواب۔ مکّہ مکرمہ میں۔

سوال ۲۔ رحمتِ عالم ﷺ کس دن پیدا ہوئے؟
جواب۔ پیر یعنی سوموار کے دن۔

سوال ۳۔ رحمتِ عالم ﷺ کی وفات کہاں ہوئی؟
جواب۔ مدینہ منورہ میں۔

سوال ۴۔ رحمتِ عالم ﷺ کے سب سے بڑے بیٹے کا نام بتایئے۔
جواب۔ حضرت قاسم۔

سوال ۵۔ رحمتِ عالم ﷺ کی سب سے چھوٹی بیٹی کا نام بتایئے۔
جواب۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال ۶۔ رحمتِ عالم ﷺ کے دو چچاؤں کے نام بتایئے۔
جواب۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال ۷۔ رحمتِ عالم ﷺ کی کسی ایک پھوپھی کا نام بتایئے۔
جواب۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال ۸۔ رحمتِ عالم ﷺ کے ایک نواسے کا نام بتایئے۔
جواب۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

نبی کے ساتھی

مارچ

سوال ۱۔ رحمتِ عالم ﷺ کے ساتھی کو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ صحابی کہتے ہیں۔

سوال ۲۔ صحابی کا نام آئے تو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال ۳۔ تمام صحابہ میں سب سے افضل کون ہیں؟

جواب۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال ۴۔ سب سے پہلے امیر المؤمنین کس صحابی کو کہا گیا ہے؟

جواب۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۵۔ مدینہ میں کنواں خرید کر پانی کا انتظام کس نے کروایا تھا؟

جواب۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

سوال ۶۔ علم کا دروازہ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۷۔ رحمتِ عالم ﷺ کی امت کا امین کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب۔ حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۸۔ رحمتِ عالم ﷺ نے کس صحابی کو اپنا دوست بتایا ہے؟

جواب۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۹۔ رحمتِ عالم ﷺ نے کس صحابی کو دریادل کہا ہے؟

جواب۔ حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۱۰۔ رحمتِ عالم ﷺ نے کس صحابی کو وفادار کہا ہے؟

جواب۔ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

سوال ۱۱۔ رحمتِ عالم ﷺ کے ساتھ کس صحابی نے تمام جنگوں میں شرکت کی؟

جواب۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

سوال ۱۲۔ رحمتِ عالم ﷺ نے کس صحابی کو دعاء کی قبولیت والا بتایا؟

جواب۔ حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو۔

نوٹ : اپریل کا مہینہ دسمبر سے مارچ تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔ اپریل کے پہلے ہفتہ میں دسمبر کا، دوسرے ہفتہ میں جنوری کا، تیسرے ہفتہ میں فروری کا اور چوتھے ہفتہ میں مارچ کا اعادہ کرائیں۔

FiMO

Federation of Indian Muslim Organizations-Midlands-U.K.

Website : www.peoplesneeds.org Email : hamidmalik@peoplesneeds.org

Mr. Hamid Malik
(Chairman/Founder)

پیغام

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اس وقت ملتِ اسلامیہ ہندیہ کے تقریباً ۵رفیصد بچے دینی اداروں میں اور ۶۰رفیصد طلبہ وطالبات عصری تعلیم گاہوں میں زیرِ تعلیم ہیں اور عام طور سے عصری اداروں میں دینی تعلیم کا باضابطہ نظام نہیں ہے۔ ایسے حالات میں مدرسوں میں پڑھنے والے مسلم گھرانوں کے ۵رفیصد بچوں کے لئے یہ آواز تو اٹھتی رہتی ہے کہ مدرسوں کے بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم سے بھی مزین کیا جائے لیکن یہ آواز بہت کم سنائی دیتی ہے کہ اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم ۶۰رفیصد مسلم طلبہ وطالبات کے عقائد کی درستی، اعمال سے وابستگی، محبت رسول ﷺ کی پختگی اور قرآن مجید سے شیفتگی کے لیے ان کو عصری تعلیم کے ساتھ بنیادی دینی تعلیم بھی دی جائے۔

اس پسِ منظر میں مارواڑ مسلم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی، جودھپور قابلِ مبارکباد ہے جو ملک گیر سطح پر عصری اداروں میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامیات اور قرآنیات کی بھی تعلیم دینے کی تحریک چلا رہی ہے اور اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اردو زبان کی مدد لی جارہی ہے اسی تعلق سے نرسری سے پریپ تک کے لیے ''رہنمائے اردو'' پہلی اور دوسری کلاس کے لیے ''قرآنی قاعدہ'' نرسری سے آٹھویں کلاس تک کے طلبہ و طالبات کے لیے کلاس وائز ''اسلامی معلومات'' اور پریئر کے وقت کے لئے ''ترانے کے وقت کا زبانی نصاب'' کی اشاعت ہورہی ہے۔ یہ وقت کی اہم ترین ضرورت تھی جس کو اس سوسائٹی نے پورا کیا ہے۔

فیڈریشن آف انڈین مسلم آرگنائزیشن انگلینڈ تن من اور دھن ہر لحاظ سے سوسائٹی کے ساتھ ہے اور دعاء گو ہے کہ یہ تحریک کامیابی سے ہمکنار ہو اور نونہالانِ قوم وملت کو اس سے خاطر خواہ فائدہ پہنچے۔ آمین

طالبِ دعاء

(حامد ملک)
چیئرمین فیڈریشن